21195 ـ لیٹرین میں جماع کرنے کا حکم

سوال

کیا مرد کےلیےجائز ہے کہ اوپر کپڑا لیے بغیراپنی بیوی سے ہم بستری کرلے ، اور کیا لیٹرین میں ہم بستری کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جی ہاں مرد کے لیے بغیر کپڑا لیے اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا جائز ہے ، اوراسی طرح لیٹرین میں بھی جماع کرنا جائز ہے ، لیکن ایسا کرنے میں کئی قسم کی مخالفات مرتب ہونگي :

شائد کہ آپ کے علم میں جب مرد اپنی بیوی سے ہم بستری کرنا چاہے تو سنت ہے کہ وہ یہ دعا پڑھے :

(بسم اللہ ، اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا) اللہ تعالی کے نام سے ، اے اللہ ہمیں شیطان سے دوررکھ اور جوکچھ ہمیں عطا کرے اس سے بھی شیطان کودور رکھ ۔

اورشائد آپ کے علم میں یہ بھی ہوکہ قضائے حاجت والی جگہ پر اللہ تعالی کاذکر صحیح نہیں ، توجوشخص لیٹرین میں یہ کام کرے گا وہ کس طرح یہ دعا پڑے گا ؟ لیکن اگر وہ وہاں سے باہر نکلے اوردعا پڑھ کرپھر وہاں داخل ہوجائے ۔

واللہ اعلم .